www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کراچی

THURSDAY, DECEMBER 13, 2018

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 21 شمارہ 97 | جمعرات 5 ربیع الثانی 1440ھ 13 دسمبر 2018، صفحات 12 قیمت 20 روپے

PAGE # 2

بحریہ یونیورسٹی میں فلم سازی سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد

فلم میکنگ کی بنیادی تکنیک میں مہارت ضروری ہے، محمد اویس ودیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بحریہ یونیورسٹی کراچی کیمپس میں فلم سازی سے متعلق ''فلمینار'' کے موضوع پر مبنی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں میڈیا انڈسٹری سے وابستہ مہمان ڈائریکٹر انیق ارنسٹ، موسیقار ایمو، ڈائریکٹر عبدالسلام ناز، اسٹڈی گیم آپریٹر فراز عالم، سدرہ عالم اور مختلف جامعات کے طلبہ و طالبات نے شرکت کی، آگاہی سیشن میں ڈائریکٹرز، پروفیسرز، موسیقار اور آرٹسٹ نے طالبعلموں کے ساتھ اپنے تجربات شیئر کیے، سوالات و جوابات کا سیشن بھی رکھا جس میں طالبعلموں نے معززین کی جانب سے دکھائی جانے والی ویڈیوز اور پروجیکٹس سے متعلق تکنیکی سوالوں کے جواب جو انھیں ٹی وی اور کلاسز میں لیکچرز سے نہیں مل سکتے وہ معلوم کیے، بحریہ یونیورسٹی کے لیکچرار محمد اویس کا کہنا تھا کہ فلمینار (فلم میکنگ) یونیورسٹی میں جو طالب علم 4 سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد میڈیا انڈسٹری میں جاتے ہیں، فلم میکنگ کی بنیادی تکنیک میں مہارت ضروری ہے، ہم چاہتے ہیں کہ انکو آگے بڑھنے کے لیے موقع میسر آسکیں اور جو چیزیں 4 سال بعد مارکیٹ میں سیکھنا چاہتے ہیں اس کا ایک راستہ انھیں یہیں سے مل جائے۔